میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

Hizb ut Tahrir

جمعرات، 27 رمضان، 1438ھ | 22/06/2017 | نمبر: PN17047

خلافت کے لیے عوامی خطبات:

# نبوت کے طریقے پر خلافت کے قیام کا مطالبہ کرو اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے سوا کسی سے نہ ڈرو!

رمضان کے مقدس مہینے میں جب مسلمانوں پر مسلط حکمرانوں کی کرپشن اور غیر ملکی استعماری طاقتوں کے ساتھ وفاداری بے نقاب ہو چکی ہے، حزب التحریر ولایہ پاکستان کے بہادر شباب نے پاکستان کے اہم شہروں میں عوامی اجتماعات سے خطاب کیا۔ انہوں نے نبوت کے طریقے پر خلافت کے قیام کا مطالبہ کیا کیونکہ مسلمانوں کے لیے یہی وہ واحد راستہ ہے جس پر چل کر وہ اپنے حقوق حاصل کر سکتے ہیں اور اپنی حرمات کا تحفظ کر سکتے ہیں۔

پاکستان کے مسلمانوں سے حزب التحریر ولایہ پاکستان یہ کہتی ہے کہ وہ نبوت کے طریقے پر خلافت کے قیام کے لیے بغیر کسی خوف کے اپنی آواز بلند کریں۔ یہ بات اب بالکل واضح ہے کہ پاکستان میں اسلام کا سفر بلندی کی جانب شروع ہو چکا ہے جبکہ باطل زوال پزیر ہے۔ عوامی مقامات پر خطاب کے دوران جس طرح سے مسلمانوں نے حزب التحریر کے شباب کا گرم جوشی سے جواب دیا وہ انتہائی حوصلہ افزا بات ہے۔ تو جب بھی موقع میسر آئے ہر مسلمان کو اسلام کے لیے اپنی آواز بلند کرنی چاہیے۔ ہمیں رسول اللہ ﷺ کی سنت کو یاد رکھنا چاہیے کہ کس طرح استقامت کے ساتھ وہ اسلام کے دعوت کو لے کر کھڑے رہے جبکہ جابروں اور ان کے گماشتوں نے آپ ﷺ پر مشکلات کے پہاڑ کھڑے کر دیے تھے۔ ابن حبان اور ابن خزیمہ نے اپنی صحیح میں طارق المحربی سے روایت کی کہ انہوں نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو ذیل ماجاز کے بازار سے گزرتے دیکھا کہ انہوں نے لال رنگ کے کپڑے پہنے ہوئے ہیں اور لوگوں سے کہہ رہے ہیں: "اے لوگو! کہو کہ کوئی رب نہیں سوائے اللہ کے اور تم کامیاب ہو جاؤ گے"۔ ایک شخص جو آپ ﷺ کا پیچھا کر رہا تھا اس نے آپ ﷺ پر پتھر پھینکنا شروع کر دیے کہ جس کی وجہ سے آپ ﷺ کے ٹخنوں اور رانوں سے خون بہنے لگا۔ اس نے لوگوں سے کہا: اے لوگو اس کی نہ سنو کہ یہ جھوٹا ہے۔ میں نے پوچھا: یہ کون ہے؟ لوگوں نے کہا: عبدالمطلب کے قبیلے کا بیٹا ہے۔ میں نے کہا: یہ کون ہے جو ان کا پیچھا کر رہا ہے؟ لوگوں نے کہا: عبدالعزا، ابو لہب۔

تو مسلمانوں کو آج کے ابو لہب جیسوں سے بالکل بھی نہیں ڈرنا چاہیے۔ ان کا ظلم صرف اس وقت تک کے لیے ہے جب تک اللہ سبحانہ وتعالیٰ چاہیں اور جب اللہ سبحانہ وتعالیٰ فیصلہ لے لیتے ہیں تو وہ ظالم کو پکڑ لیتے ہیں اور اللہ کی پکڑ بہت ہی شدید ہوتی ہے۔ پاکستان کے مسلمان نبوت کے طریقے پر خلافت کے لیے اس قدر پُرزور مطالبہ کریں کہ ہر شہر ہر گلی سے خلافت کے قیام کے مطالبے کی آوازیں آنے لگے۔

## ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info
یوٹیوب: http://YouTube.com/HTmediaPAK
فیس بک: https://Facebook.com/HTmediaPAK4
ڈیلی موشن: https://DailyMotion.com/HTmediaPAK
ویب: www.hizb-pakistan.com http://HizbPK.page.tl
ای میل: HTmediaPAK@gmail.com
ٹویٹر: http://Twitter.com/HTmediaPAK